انجلی کے قاتل کو سولی پر لٹکا دینے کا مطالبہ، بی جے پی خواتین مورچہ کا احتجاج

شیموگہ (سہارا نیوز بیورو)

بھلی شہر کے ویرا پورا میں انجلی امبیگر نے نامی لڑکی کے قتل کی مذمت اور ملزم گریش کو پھانسی پر لٹکا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے بی جے پی خواتین مورچہ نے ہنتہ کو ضلع انتظامیہ دفتر کے احاطہ میں احتجاج کیا۔ اس موقع پر ضلع انتظامیہ کو پیش کئے گئے میمورنڈم میں کہا گیا ہے کہ بھلی میں انجلی نامی لڑکی کا قتل نے سماج کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ ریاست میں لڑکیوں کا سلسلہ وار قتل، مشتبہ اموات اور جنسی تشدد کے معاملات میں اضافہ ہورہا ہے۔ ریاست میں امن وامان مکمل طور پر تباہ ہوگیا ہے۔ چند دن قبل بھلی میں نیہا اور منڈیکری میں بینا نامی لڑکی کے قتل کی واردات کے بعد پھر سے بھلی میں قتل کی واردات پیش آئی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت کے ایک سال میں ریاست مجرموں اور غنڈوں کی پناہ گاہ میں تبدیل ہوگئی ہے۔

انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس طرح کے کیسوں کی تحقیقات میں تیزی لائی جائے اور ملزم گریش کو پھانسی کی سزا دی جائے۔ اس موقع پر ضلع صدر گایتری دیوی، جنرل سکریٹری منگلا نائیندرہ اور دیگر ذمہ دار موجود تھے۔ دوسری طرف شیموگہ ضلع گونگاتا سنگھا نامی تنظیم کی طرف سے ضلع انتظامیہ دفتر کے احاطہ میں احتجاج کرتے ہوئے بھلی میں ہوئے انجلی قتل کی مذمت کرتے ہوئے مقتول کی فیملی کو تحفظ دینے اور ملزم گریش کو سخت سے سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر انتظامیہ کے ذریعہ حکومت کو میمورنڈم پیش کیا گیا جس میں مطالبہ کیا گیا کہ ملزم کو قانون کے تحت سخت سے سخت سزا دی جائے اور مقتول کی فیملی کو 50 لاکھ روپے دئے جائیں۔ اس موقع پر کے وی اپنا اور دیگر ذمہ دار موجود تھے۔

چکبالاپور تعلقہ میں دل کے امراض میں مبتلا افراد کیلئے مفت علاج کا اعلان

چکبالاپور (سہارا نیوز بیورو)

جے فاؤنڈیشن کے صدر جے کمار نے کہا کہ ہم لوگوں کی صحت کے تئیں سہولیات کی فراہمی کو ترجیح دینے کی پوری کوشش کر رہے ہیں اور اب ہماری جے فاؤنڈیشن کی جانب سے دل کی بیماری میں مبتلا غریب مریضوں کو مفت علاج اور ادویات دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جے کمار نے یہ بات تعلقہ کے سلطان پیٹ میں واقع آشرم میں بزرگوں کے ساتھ اپنا جنم دن سادگی سے منانے اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے یوم پیدائش کے موقع پر تعلقہ کے غریب دل کے مریضوں کے علاج کے اخراجات کو پورا کریں گے۔ چکبالاپور تعلقہ کے غریب مریض شریم میں جے فاؤنڈیشن کے دفتر میں رجسٹر کر کے یہ سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے اس سہولت کو چکبالاپور تعلقہ کے لوگوں کے لئے لاگو کیا گیا ہے اور آنے والے دنوں میں اس میں قدم بہ قدم توسیع کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالات کی پروا کئے بغیر، مشکل حالات میں، مشکلات کی پرواہ کئے بغیر وہ اپنے بچوں کی پرورش کرتے ہیں اور انہیں ایک درجے تک پہنچاتے ہیں، بچوں کے روشن مستقبل میں والدین کی بہت محنت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ہر انتظامیہ کو ہر کیس کی تحقیقات میں تیزی لائی جائے اور ملزم گریش کو پھانسی کی سزا دی جائے۔ اس موقع پر ضلع صدر گایتری دیوی، جنرل سکریٹری منگلا نائیندرہ اور دیگر ذمہ دار موجود تھے۔ دوسری طرف شیموگہ ضلع گونگاتا سنگھا نامی تنظیم کی طرف سے ضلع انتظامیہ دفتر کے احاطہ میں احتجاج کرتے ہوئے بھلی میں ہوئے انجلی قتل کی مذمت کرتے ہوئے مقتول کی فیملی کو تحفظ دینے اور ملزم گریش کو سخت سے سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر انتظامیہ کے ذریعہ حکومت کو میمورنڈم پیش کیا گیا جس میں مطالبہ کیا گیا کہ ملزم کو قانون کے تحت سخت سے سخت سزا دی جائے اور مقتول کی فیملی کو 50 لاکھ روپے دئے جائیں۔ اس موقع پر کے وی اپنا اور دیگر ذمہ دار موجود تھے۔

سرینواس پور سے چنتامنی روڈ پر ٹرافک کے مسئلے کو حل کیا جائے: رکشنا ویدیکے

کولار (ایوب خان/سہارا نیوز بیورو) سرینواس پور میں ٹرافک کا مسئلہ برقرار ہے، یہاں آم کا بیزنس شروع ہو چکا ہے، اس کی خرید و فروخت کے لئے یہاں کی منڈیوں میں ہزاروں افراد ریاست اور بیرونی ریاست سے پہنچتے ہیں۔ جس سے ٹرافک کا مسئلہ بڑھ گیا ہے۔ سینکڑوں ٹرک بیرونی ریاست کو آم لے جانے کے لئے یہاں آتے ہیں، جس سے وہ تمام راستے بند ہو جاتے ہیں۔ یہاں سرینوا س پور کے مسافروں کو چنتامنی اور بنگلور جانے کیلئے کئی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ یہاں آم لانے اور لے جانے والے ٹرکوں کو راستے میں روکنے پر کارروائی کی جائے اور ہٹایا جائے اگر ان کو رکانا ہے تو کہیں دور بائی دے پر انہیں جگہ دی جائے و درشہر کی عوام کو بنگلور اور چنتامنی جانے کے لئے کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کرناٹکا رکشا ویدیکے تنظیم کے کارکنوں نے تحصیلدار کو میمورنڈم پیش کرنے کے بعد اخباری نمائندوں کو بتایا کہ ملک میں سب سے بڑا آم کا کاروبار یہاں چلتا ہے۔ ہر ریاست کے تاجر یہاں آتے ہیں۔ یہاں منڈی مالکوں اور کسانوں کو کوئی سہولت نہیں ہے۔ سہولت کروائی جائے۔ ملک کے کونے کونے سے لوگ یہاں آم خریدنے کے لئے آتے ہیں اور سرینواس پور آم کے لئے مشہور ہے۔ اس شہر میں بڑے بڑے بھاری ٹرک آم لے جانے کے لئے آتے ہیں۔ یہاں سے ہزاروں گلومنڈر دو لے جانے کے لئے ٹرک آتے ہیں۔ ان ٹرکوں کو کہیں بھی روکنا نہ کے لئے جگہ نہیں رہتی جس کے سبب وہ مین راستوں میں رکا دیتے ہیں اور ٹرافک جام کر دیتے ہیں۔ کئی مسافر بسوں میں بیٹھ کر نکل آجاتے ہیں مگر ٹرا فک جلد خالی نہیں ہوتی اور کئی بسوں میں بیمار بھی سفر کرتے ہوئے ہاسپٹل جاتے ہیں، انہیں بھی مشکلات اور پریشان ہونا پڑ رہا ہے اور راستوں میں ٹرک روکا دئے جانے پر کئی حادثات بھی پیش آتے ہیں۔ کیونکہ کسی کو علم نہیں ہوتا کہ ٹرک رکا ہوا ہے۔ تیز رفتار دو پہیہ گاڑی اگر آجائے تو ٹرک ڈرائیور اچانک ٹرک نکال دیتا ہے جس سے حادثات بھی پیش آتے ہیں۔ اس معاملے کو لے کر عوام میں افراتفری مچ جاتی ہے اور زیادہ پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس تعلق کے کسان 60% آم کی فصل اگاتے ہیں اور موسم میں وقت پر آم کی کٹائی ہوتی ہے اور ہر ریاست کے بڑے تاجر پنچ گر یہاں سے آم لے جاتے ہیں۔ سب سے پہلے ٹرکوں کو مین راستوں سے ہٹا کر نہیں دور انہیں اندر داخل ہونے دیا جائے۔ اس وقت صادق پاشاہ، راجیش، ارون کمار، عبد اللہ، ساحل احمد، وینکٹیش، وجئیہ وغیرہ موجود تھے۔

تانڈور ریلوے اسٹیشن کی عصری تزئین کے کام اندرون دس ماہ مکمل کرلیں

ڈویژنل ریلوے مینیجر ساؤتھ سنٹرل ریلوے بھرتیش کمار جین کا دورہ، تعمیراتی کاموں کا جائزہ

تانڈور، (ایس این بی) ڈویژنل ریلوے مینیجر ساؤتھ سنٹرل ریلوے (ڈی آر ایم) بھرتیش کمار جین نے تانڈور ریلوے اسٹیشن کا دورہ کرتے ہوئے مرکزی حکومت کی جانب سے امرت بھارت ریلوے اسٹیشن کے تحت جاری تزئین کاری کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی آر ایم نے ریلوے اسٹیشن کے باہری علاقہ میں، پلیٹ فارمس پر جاری تعمیراتی کاموں کا مشاہدہ کرتے ہوئے ان کے متعلقہ مقامی ریلوے عہدیداروں اور کنٹراکٹرس سے تفصیلات حاصل کیں۔ ساتھ ہی انہوں نے تانڈور ریلوے اسٹیشن کے باہر گاڑیوں کی پارکنگ کی، اندرونی علاقہ میں مسافرین کی سہولت کیلئے تعمیر کئے جارہے اسکیلیٹر کی تعمیر اور مسافرین کیلئے ویٹنگ روم، بیت الخلاؤں کی تعمیر کے علاوہ جاریہ دیگر تعمیراتی کاموں کا بھی مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈویژنل ریلوے مینیجر ساؤتھ سنٹرل ریلوے بھرتیش کمار جین نے کہا کہ امرت بھارت کے تحت تانڈور ریلوے اسٹیشن کی عصری طرز پر تزئین کاری کیلئے قبل ازیں 25 کروڑ روپے منظور کئے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس رقم سے تانڈور ریلوے اسٹیشن میں مسافروں کو کئی سہولتیں حاصل ہونگی اور ساتھ ہی ریلوے اسٹیشن کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔ ڈویژنل ریلوے مینیجر ساؤتھ سنٹرل ریلوے بھرتیش کمار جین نے کہا کہ مسافرین کو مزید بہتر سہولتیں فراہم کرنے کی غرض سے تانڈور ریلوے اسٹیشن میں اسکیلیٹر، ویٹنگ روم، بیت الخلاؤں کے علاوہ اسٹیشن کے باہر گاڑیوں کی پارکنگ کیلئے عصری انتظامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام تعمیراتی کام سرعت کیساتھ جاری ہیں اور اندرون دس ماہ تانڈور ریلوے اسٹیشن میں جاری کاموں کو مکمل کرلیا جائیگا۔ ڈویژنل ریلوے مینیجر ساؤتھ سنٹرل ریلوے (ڈی آر ایم) بھرتیش کمار جین نے کہا کہ ریلوے اسٹیشن میں جاری کاموں کی وجہ سے ہونے والی تکالیف کے دوران مسافرین تعاون کریں۔ اس موقع پر ریلوے عہدیداران وعملہ موجود تھا۔

حلقہ پارلیمان نظام آباد کی عوام سے جیون ریڈی کا اظہار تشکر

جگتیال (ایجنسیز) نظام آباد حلقہ پارلیمان کانگریس امیدوار ٹی جیون ریڈی نے اپنی رہائش گاہ جگتیال میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی انتخابات میں کانگریس پارٹی نے مجھے کریم نگر حلقے سے مقابلے کی تجویز پیش کی لیکن میں نے نظام آباد پارلیمنٹ کی سیٹ کیلئے سخت مقابلے کے باوجود نظام آباد پارلیمنٹ سے مقابلے کو ترجیح دیا کیونکہ جگتیال کی عوام نے مجھے سیاسی زندگی دی ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ وہ سخت مقابلہ اور بی آر ایس پارٹی بی جے پی کے ہاتھوں ٹک جانے کے باوجود عوام نے کانگریس کے حق میں رائے اور سخت مقابلہ کے باوجود اپنی جیت جانے کا ایقان ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس پارٹی جس نے پانچ سالوں میں کسانوں کے قرض معاف نہیں کئے کسانوں کو نظر انداز کیا۔ کانگریس پارٹی کسانوں کی فلاح، بہبودی کی پابند جو بھی وعدے کری ہے پورے کرے گی۔ اس موقع پر بنڈا شنکر کری ناگا بھوشن ودر گیا ودیگر موجود تھے۔

بھروسہ سنٹر کی کارکردگی قابل ستائش: کمشنر پولیس امبر کشور جھا

ہنمکنڈہ، (ایجنسیز) پولیس کمشنر ورنگل امبر کشور جھا نے کہا کہ پولیس کمشنریٹ بھروسہ سنٹر جتنی زیادتی سے متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ورنگل پولیس کمشنریٹ حدود میں درج کئے گئے جنسی زیادتی کے مقدمات میں متاثرین کو طبی، رہائش، مالی اور قانونی مدد فراہم کرنے والے بھروسہ سنٹر میں ان مقدمات میں ملزمین کو سزا دلانے میں بہتر مظاہرہ کرنے والے بھروسہ سنٹر کے پولیس آفیسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے خواتین سیکورٹی ڈپٹی پارٹمنٹ کے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل آف پولیس شیکا گوئل کی جانب سے جاری کردہ ستائشی سرٹیفکیٹس کو ورنگل پولیس کمشنر امبر کشور جھا کے ہاتھوں عہدیداروں اور ملازمین میں تقسیم کئے گئے۔ ورنگل پولیس کمشنر امبر کشور جھا نے سب سے پہلے ورنگل پولیس کمشنریٹ بھروسہ سنٹر کے عملہ کی ستائش کی اور جنسیز یادتی کے ملزمین کو سزا دینے میں بھروسہ سنٹر کے عملہ کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔ 335 متاثرین کو مجموعی طور پر 1 کروڑ 20 لاکھ روپے بطور معاوضہ دیا گیا اور ڈسٹرکٹ لیگل سروس اتھارٹی کی جانب سے 8 دیگر و 14 لاکھ 16 ہزار روپے کا کل معاوضہ دیا گیا۔

تلنگانہ میں سڑک حادثات میں دو افراد ہلاک، تین زخمی

ملکنڈہ، (ایس این بی) تلنگانہ میں جمعہ کو دو الگ الگ سڑک حادثات میں دو لوگوں کی موت ہوگئی اور تین دیگر زخمی ہوگئے۔ پہلے واقعہ میں علی الصبح ہاتھ ہادھا پور پولیس اسٹیشن حدود میں ایک کار کی زد میں آ کر ایک شخص کی موت ہوگئی اور دوسرا زخمی ہوگیا۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک شخص اپنی دکان پر دودھ کے پیکٹ فروخت کر رہا تھا۔ اسے علاج کے لیے قریبی اسپتال لے جایا گیا اور کار ڈرائیور کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کو شبہ ہے کہ کار ڈرائیور نشے میں تھا۔ دوسرے واقعہ میں ملکنڈہ ضلع کے نملیڈو پیچیل ڈویژن میں ایک نامعلوم گاڑی کے ذریعہ ایک موٹر سائیکل کو ٹکر مارنے سے ایک شخص ہلاک اور دو دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب تین جنگل سے حیدرآباد جا رہے تھے۔ زخمیوں کو علاج کے لیے ملکنوڈہ کے سرکاری اسپتال لے جایا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کیس درج کر لیے گئے ہیں اور تفتیش جاری ہے۔ متاہی پولیس مختلف زاویوں سے تحقیقات میں مصروف ہے۔

مسجد واحد ناگشن بغداد میں عرس تاج الشریعہ

بنگلور: (پریس ریلیز) 19 مئی 2024ء بمطابق ۱۰/ ذی القعدہ ۱۴۴۵ھ بروز اتوار، فوز ابعد نماز مغرب تا رات 10:00 بجے، مسجد واحد ناگشن بغداد، اے جی جے عبد الکلام میں روڈ گوندر پور بنگلور میں بزیر سرپرستی الحاج، اے امیر جان قادری، چیرمین جامعہ حضرت بلال بنگلور، عظیم الشان پیمانے پر عرس حضور تاج الشریعہ، نبیرۂ اعلیٰ حضرت، پیر طریقت، حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خان قبلہ بریلوی قادری ازہریؒ منایا جارہا ہے۔ جس میں مولانا فیاض علی قادری رضوی، خطیب و امام مسجد واحد ناگشن بغداد، نظامت کے فرائض انجام دیں گے۔ حافظ ضیاء اللہ رضوی تلاوت کلام پاک کریں گے، مفتی ارشفین رضوی نعت ومنقبت خوانی کریں گے اور حضرت علامہ و مولانا محمد ماہ زماں نوری، جامعہ حضرت بلال اور حضرت علامہ و مولانا ناصر رضا خان رضوی، خطیب مسجد حضرت توکل مستانؒ، کاٹن پیپٹ بنگلور کے خصوصی خطابات ہوں گے۔ مشورات کے لئے پردے کا انتظام رہے گا۔ جلسہ کے بعد شجرہ خوانی و فاتحہ خوانی ہوگی۔ تمام عاشقان اولیاء کرام سے گزارش ہے کہ جلسے میں کثیر تعداد میں شریک ہوکر فیضان تاج الشریعہ سے مالا مال ہوں۔ (جملہ اراکین کمیٹی مسجد واحد ناگشن بغداد، گوندر پور بنگلور۔45)

مدرسہ ومکتب ضیاء القرآن شیواجی نگر میں داخلے

بنگلور: (پریس ریلیز) مسجد بیو پاریاں شیواجی نگر میں مدرسہ ضیاء القرآن اسکول میں پڑھنے والے بچوں کا مکتب عصر ۱۶ شوال بروز پیر /20 مئی 2024 سے شروع ہونے جارہا ہے، قدیم و جدید داخلے جاری ہیں، اہالیان محلّہ سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو قرآن وشریعت کے علم سے آراستہ کرنے کی ضرور فکر کریں۔ نیز بالغان کی تعلیم کا بھی معقول نظم ہے۔ مزید کارروائی وتفصیل کے لئے کسی بھی نماز میں پہونچ کر امام سید محمد سلمان سے رابطہ کریں۔ (رحمت اللہ شاہی)

کامارڈی کیلئے ترقیاتی فنڈس کا مطالبہ

محمد علی شبیر گورنمنٹ اڈوائزر کا چیف منسٹر یونت ریڈی سے نمائندگی

نظام آباد، (ایس این بی) گورنمنٹ اڈوائزر محمد علی شبیر نے چیف منسٹر تلنگانہ منسٹر ریونت ریڈی سے نمائندگی کرتے ہوئے کامارڈی شہر کی ترقی کیلئے فنڈس کی منظوری عمل میں لانے کا مطالبہ کیا۔ محمد علی شبیر نے ایک تفصیلی یادداشت پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کامارڈی میں آبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے پرابھنا جیونڈلہ پراجیکٹ نمبر 21,22 کیلئے فنڈس کی منظوری اور گوداوری کے پانی کی سربراہی کیلئے پمپ اسکیم کی تکمیل ناگزیر قرار دیا۔ لہٰذا اس کیلئے فنڈس کی منظوری کامارڈی کیلئے آئی ٹی ہب اور کامارڈی ضلع مستقر سے یہاں پر مزید تعلیمی ادارے قائم کرتے ہوئے ڈیئری ٹکنالوجی، پوسٹ گریجویٹ، گورنمنٹ انجینئرنگ کالج اور لڑکیوں کیلئے علیحدہ ڈگری کالج اور کامارڈی کے دوممکنہ میں ڈگری کالج، کامارڈی کے نرسنگ کالج اور پیرامیڈیکل کالج کی منظوری اور آئی ٹی ہب اور اسمارٹ سٹی کی حیثیت قرار دینے کیلئے فنڈس کی منظوری عمل میں لانے، ریلوے اور برج کی تعمیر کیلئے ریلوے اتھارٹیز سے نمائندگی کرنے، انٹیگر یٹیٹ آنٹوگرمی ترقی کیلئے اور اینٹی گریٹیڈ تکراری مارکٹ اور تلنگانہ یونیورسٹی کے ساتوتھ کیمپس میں مزید کورسس کو شامل کرنے کی اور کامارڈی میں ٹورازم ڈیولپمنٹ کیلئے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا۔

پولٹری فارمرس کے پراپرٹی ٹیکس میں چھوٹ دی جائے

رکن اسمبلی شنکر کی ریاستی وزیر تملا نا گیشور راؤ کو یادداشت کی پیشکشی

رنگا ریڈی، (ایس این بی) شادنگر رکن اسمبلی ویرلا پلی شنکر نے ریاستی تلنگانہ وزیر زراعت تلالا نا گیشور راو سے خصوصی ملاقات کی۔ اس موقع پر رکن اسمبلی نے رنگا ریڈی ضلع شادنگر میونسپلٹی کے تحت پولٹری فارمز پر ٹیکس لگانے والے پراپرٹی ٹیکس (پراپرٹی ٹیکس) سے مستثنیٰ ہونے کے بارے میں ریاستی محکمہ زراعت وزیر محترم تولمالا نا گیشور راؤ سے درخواست کی کہ پرانے بقایا جات کی وصولی کے سلسلے میں شادنگر میونسپلٹی کے پولٹری فارمز کو جاری کردہ احکامات کو منسوخ کیا جائے۔ شادنگر ایم ایل اے ویرلا پلی شنکر نے ریاستی وزیر زراعت نا گیشور سے کہا کہ وہ موجودہ نظام کے مطابق پرانے بلوں کو مکمل طور پر منسوخ کردیں۔

ظہیر آباد پارلیمانی حلقہ میں یلا ریڈی رائے دہی میں سرفہرست

نظام آباد (ایس این بی) حلقہ پارلیمان ظہیر آباد کے تمام اسمبلی حلقوں میں سب سے زیادہ رائے دہی کا فیصلہ 77.54 صرف یلا ریڈی کا رہا۔ جس سے رائے دہی کے فیصد میں ظہیر آباد پارلیمان سے یلا ریڈی کو پہلا مقام حاصل ہے۔ حلقہ کے تمام منڈلوں میں رائے دہندوں نے حق رائے دہی کیلئے غیر معمولی دلچسپی کا مظاہرہ کرکے قطاروں میں دیکھے گئے۔ حلقہ پارلیمان کے کامارڈی اسمبلی حلقہ میں 71.50 فیصد رائے دہی درج ہوئی۔ جوکل حلقہ 75.83 فیصد بانسواڑہ حلقہ میں 76.98 فیصد ووٹ ڈالے گئے اور بارانی کھیڑ حلقہ میں 72.71 فیصد، اندول حلقہ میں 76.27 فیصد اور ظہیر آباد میں 72.80 فیصد رائے دہندوں نے حق رائے کا استعمال کیا۔ پارلیمان حلقہ کے جملہ 1641,410 رائے دہندوں میں سے 1225049 رائے دہندوں نے اپنے ووٹ ڈالے۔ جس میں مرد رائے دہندوں نے 801862 میں سے 608097 نے اپنا ووٹ استعمال کیا اور 839489 خواتین رائے دہندوں میں سے 616936 اور دیگر میں 59 سے 16 افراد نے ووٹ ڈالا۔

کریم نگر میں ضلع کلکٹر اور کمشنر پولیس کا اسٹرانگ روم کا معائینہ

کریم نگر، (ایجنسیز) ضلع کلکٹر پامیلا ستیاپتی اور پولیس کمشنر اکھیل مہاجن نے کریم نگر ایس آر آر کالج میں رکھے گئے سات اسمبلی حلقوں کے ای وی ایم کے اسٹرانگ رومز میں پولیس سیکورٹی کا معائینہ کیا۔ تمام الگ الگ محفوظ اسٹرانگ رومز کی گرانی کی گئی اور سکیورٹی کا جائزہ لیا گیا۔ ضلع کلکٹر اور پی ایس سی کمرہ کی کارکردگی، پولیس اہلکاروں کی ڈیوٹی کی کارکردگی اور سی سی ٹی وی کیمروں کی کارکردگی، دکام کو ان حد تک ہدایت کردی گئی ہے۔ اسی طرح کالج کے اردگرد کی نگرانی کی۔ انہوں نے دکام کو مشورہ دیا کہ وہ صبح اور شام کے اوقات میں پیدل چلنے والوں اور دیگر لوگوں کو کالج میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے سخت انتظامات کریں۔ کلکٹر پی پی نے کہا کہ کتنی مکمل ہوگئی تک سیکورٹی اہلکار چوکس ہیں۔ رات کو بھی احتیاط برتیں۔ اس موقع پر کریم نگر کے آر ڈی او، ٹاؤن ایس ای پی و دیگر موجود تھے۔

چکبالاپور میں سابق وزیر اعظم دیوے گوڑا کا جنم دن منایا گیا

چکبالاپور (سہارا نیوز بیورو) سابق وزیر اعظم ایچ ڈی دیوے گوڑا کے 92ویں یوم پیدائش کے موقع پر شہر کے پی این روڈ پر واقع جے ڈی ایس کے دفتر میں جے ڈی ایس لیڈروں نے ضلع صدر مکنا منیا، تعلقہ صدر گولا وا نابلی منی راجوی موجود گی میں کیک کاٹ کر سابق وزیر اعظم کی سالگرہ منائی۔ سابق وزیر اعظم ایچ ڈی دیوے گوڑا کو اچھی صحت عطا ہو۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جے ڈی ایس ضلع صدر مکنا منیا، سابق وزیر اعظم اور ریاست کے سابق وزرائے اعلیٰ دیوے گوڑا جنہیں 'مٹی کا بیٹا' کہا جاتا ہے، ہمیشہ کسانوں کی فکر میں رہتے ہیں اور کئی سرکردہ لوگوں نے ان کی تعریف کی ہے۔ ان جیسا باوقار لیڈر ہمارے لیے رول ماڈل ہیں، اور ملک کے لیے ان کا تعاون بہت زیادہ ہے اور ہم اسے کبھی نہیں بھول سکتے۔ اس وقت ضلع ورنگ صدر کے آر ریڈی، جے ڈی ایس کے ترجمان ماتمیا آر، قائدین کسان کرشنپا، نارائن گوڑا، نے کہا کہ ہم ہمیشہ کی طرح سریدھر، میلو وا نابلی سوننے گوڑا اور دیگر موجود تھے۔

کے جی یف میں گانجہ فروش گرفتار، 10 لاکھ کا گانجہ ضبط



کولار (سہارا نیوز بیورو) کولار ضلع کے جی یف کی سی ای این سائبر کرائم پولس نے گانجہ فروخت کرنے والے کو گرفتار کرتے ہوئے اس سے 10 لاکھ کا گانجہ ضبط کرلیا ہے۔ پولس کی اطلاع کے مطابق ڈی وائی ایس پی کی قیادت میں گانجہ فروش کو گرفتار کرنے کیلئے ایک ٹیم بنائی گئی تھی۔ کیونکہ یہاں کے جی یف اور بنگار پیٹ میں گانجے کی خرید وفروخت میں اضافہ ہو چکا تھا۔ بیرونی ریاست کے کئی مزدور یہاں گانجہ استعمال کرنا شروع کردیا ہے، جس کے سبب یہاں دھندہ زوروں پر چل رہا ہے۔ کسی نے اڑیسہ کے ایک مزدور کو گانجہ فروخت کرنے بنگار پیٹ جانے کی اطلاع دی تو فوری بنگار پیٹ جونیر کالج کے قریب پولس نے پہنچ کر گانجہ فروخت کرنے خریدار کا انتظار کر رہے جتیندر نامی کار کو گرفتار کرتے ہوئے اس کے پاس موجود گانجہ ضبط کرلیا۔ پولس نے بتایا کہ یہ جتیندر کمار بنگار پیٹ اور نرسا پور کے کارخانوں کو پہنچتا تھا وہاں کے مزدوروں کو یہ فروخت کرتا تھا۔ بیرونی ریاست اڑیسہ، بہار، اتر پردیش، پٹنہ کے مزدور کی آبادی یہاں زیادہ یہاں ہوچکی ہے، وہ اپنے کام کے لئے جب شادنگر، ایم ایل اے ویرلا پلی شنکر نے ریاستی وزیر زراعت نا گیشور سے کہا کہ وہ موجودہ نظام کے مطابق پرانے بلوں کو مکمل طور پر منسوخ کردیں۔

ظہیر آباد پارلیمانی حلقہ میں یلا ریڈی رائے دہی میں سرفہرست

نظام آباد (ایس این بی) حلقہ پارلیمان ظہیر آباد کے تمام اسمبلی حلقوں میں سب سے زیادہ رائے دہی کا فیصلہ 77.54 صرف یلا ریڈی کا رہا۔ جس سے رائے دہی کے فیصد میں ظہیر آباد پارلیمان سے یلا ریڈی کو پہلا مقام حاصل ہے۔ حلقہ کے تمام منڈلوں میں رائے دہندوں نے حق رائے دہی کیلئے غیر معمولی دلچسپی کا مظاہرہ کرکے قطاروں میں دیکھے گئے۔ حلقہ پارلیمان کے کامارڈی اسمبلی حلقہ میں 71.50 فیصد رائے دہی درج ہوئی۔ جوکل حلقہ 75.83 فیصد بانسواڑہ حلقہ میں 76.98 فیصد ووٹ ڈالے گئے اور بارانی کھیڑ حلقہ میں 72.71 فیصد، اندول حلقہ میں 76.27 فیصد اور ظہیر آباد میں 72.80 فیصد رائے دہندوں نے حق رائے کا استعمال کیا۔ پارلیمان حلقہ کے جملہ 1641,410 رائے دہندوں میں سے 1225049 رائے دہندوں نے اپنے ووٹ ڈالے۔ جس میں مرد رائے دہندوں نے 801862 میں سے 608097 نے اپنا ووٹ استعمال کیا اور 839489 خواتین رائے دہندوں میں سے 616936 اور دیگر میں 59 سے 16 افراد نے ووٹ ڈالا۔

کریم نگر میں ضلع کلکٹر اور کمشنر پولیس کا اسٹرانگ روم کا معائینہ

کریم نگر، (ایجنسیز) ضلع کلکٹر پامیلا ستیاپتی اور پولیس کمشنر اکھیل مہاجن نے کریم نگر ایس آر آر کالج میں رکھے گئے سات اسمبلی حلقوں کے ای وی ایم کے اسٹرانگ رومز میں پولیس سیکورٹی کا معائینہ کیا۔ تمام الگ الگ محفوظ اسٹرانگ رومز کی گرانی کی گئی اور سکیورٹی کا جائزہ لیا گیا۔ ضلع کلکٹر اور پی ایس سی کمرہ کی کارکردگی، پولیس اہلکاروں کی ڈیوٹی کی کارکردگی اور سی سی ٹی وی کیمروں کی کارکردگی، دکام کو ان حد تک ہدایت کردی گئی ہے۔ اسی طرح کالج کے اردگرد کی نگرانی کی۔ انہوں نے دکام کو مشورہ دیا کہ وہ صبح اور شام کے اوقات میں پیدل چلنے والوں اور دیگر لوگوں کو کالج میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے سخت انتظامات کریں۔ کلکٹر پی پی نے کہا کہ کتنی مکمل ہوگئی تک سیکورٹی اہلکار چوکس ہیں۔ رات کو بھی احتیاط برتیں۔ اس موقع پر کریم نگر کے آر ڈی او، ٹاؤن ایس ای پی و دیگر موجود تھے۔

ڈینگو سے محفوظ رہنے کیلئے گھر واطراف کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں

عادل آباد، (ایس این بی) ضلع کلکٹر عادل آباد راجرشی شاہ نے ڈینگو وائرل انفیکشن سے بچنے کیلئے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے اور خاص طور پر ہائی رسک والے علاقوں پر خصوصی توجہ دینے اور گھر گھر اس سلسلہ میں شعور بیدار کرنے کے متعلقہ عہدیداروں کو مشورہ دیا۔ ضلع کلکٹر عادل آباد راجرشی شاہ نے ینٹیشن ڈینگو ڈے کے موقع پر محمرات کے روٹکلکٹریٹ کانفرنس ہال میں منعقدہ اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے ہر سال 16 مئی کو ینٹیشن ڈینگو ڈے اور ڈینگو سے بچاؤ آگاہی پوسٹروں کی ٹرینی کلکٹر اسکیلن، ضلع میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نریندر راٹھور، میونسپل کمشنر محمد قمر احمد، تھیریا آفیسر سریدھر، کے ہمراہ رسم ابتدا انجام دی۔

کولار (سہارا نیوز بیورو) کولار ضلع کے جی یف کی سی ای این سائبر کرائم پولس نے گانجہ فروخت کرنے والے کو گرفتار کرتے ہوئے اس سے 10 لاکھ کا گانجہ ضبط کرلیا ہے۔ پولس کی اطلاع کے مطابق ڈی وائی ایس پی کی قیادت میں گانجہ فروش کو گرفتار کرنے کیلئے ایک ٹیم بنائی گئی تھی۔ کیونکہ یہاں کے جی یف اور بنگار پیٹ میں گانجے کی خرید وفروخت میں اضافہ ہو چکا تھا۔ بیرونی ریاست کے کئی مزدور یہاں گانجہ استعمال کرنا شروع کردیا ہے، جس کے سبب یہاں دھندہ زوروں پر چل رہا ہے۔ کسی نے اڑیسہ کے ایک مزدور کو گانجہ فروخت کرنے بنگار پیٹ جانے کی اطلاع دی تو فوری بنگار پیٹ جونیر کالج کے قریب پولس نے پہنچ کر گانجہ فروخت کرنے خریدار کا انتظار کر رہے جتیندر نامی کار کو گرفتار کرتے ہوئے اس کے پاس موجود گانجہ ضبط کرلیا۔ پولس نے بتایا کہ یہ جتیندر کمار بنگار پیٹ اور نرسا پور کے کارخانوں کو پہنچتا تھا وہاں کے مزدوروں کو یہ فروخت کرتا تھا۔ بیرونی ریاست اڑیسہ، بہار، اتر پردیش، پٹنہ کے مزدور کی آبادی یہاں زیادہ یہاں ہوچکی ہے، وہ اپنے کام کے لئے جب جاتے ہیں گانجے کا استعمال کرتے ہیں، انہیں فروخت کیا جاتا ہے۔ پانچ سال قبل گانجہ اتنی زوروں پر یہاں فروخت نہیں ہورہا تھا، اب بیرو نی ریاست کے مزدوروں کی آمد میں اضافہ ہو جانے پر گانجہ زیادہ استعمال ہورہا ہے۔ اب اس کو ختم کرنا ہوگا ورنہ یہاں کے نوجوان بھی اس نشے